بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Federal Shariat Court

Islamabad 19-11-2021

غلام رسول

ڈپٹی رجسٹرار

فون نمبر 051-9208732

پریس ریلیز

اسلام آباد( ) چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت پاکستان جناب جسٹس محمد نور مسکان زئی صاحب کے والد محترم ڈاکٹر علامہ محمد قاسم عینی بلوچ صاحب بقضائے الٰہی انتقال فرما گئے (انا للہ وانا الیہ راجعون) جن کی نماز جنازہ آج مورخہ 19-11-2021 کو شام 5 بجے ان کے آبائی علاقہ ضلع خاران میں ادا کی جائے گی۔

ڈاکٹر علامہ عینی صاحب 1933 میں بلوچستان کے علاقے خاران میں مولوی محمد عیسیٰ صاحب کے گھر پیدا ہوئے۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم خاران سے حاصل کی اور 1982ء میں جامشورو یونیورسٹی سے اسلامک کلچر/علوم الحدیث میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ مرحوم تربت کے عطاء شاد ڈگری کالج میں بطور لیکچرار خدمات انجام دیتے رہے اور 1992ء میں ریٹائرڈ ہوئے تھے۔

ڈاکٹر صاحب (مرحوم) 32 کتابوں کے مصنف تھے۔ یہ کتابیں عربی، بلوچی، فارسی، اردو اور براہوی زبانوں میں شائع ہو چکی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب متذکرہ بالا زبانوں کے ساتھ ساتھ پشتو زبان میں شعروشاعری پر بھی مہارت رکھتے تھے۔

ڈاکٹر علامہ محمد قاسم عینی صاحب سابقہ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ و موجودہ چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت پاکستان جناب جسٹس محمد نور مسکان زئی صاحب، میر محمد اعظم مسکان زئی صاحب اور محمد یحییٰ مسکان زئی صاحب کے والد محترم تھے اور میر موسیٰ خان مسکانزئی صاحب کے ماموں اور مولوی عبدالمطلب صاحب کے چچا تھے اور ڈاکٹر محمد نصیر مسکان زئی صاحب، سفر خان مسکان زئی صاحب کے چچازاد بھائی تھے۔ ایڈووکیٹ میر احمد علی صاحب، ایڈووکیٹ لیاقت علی صاحب، میر عزیز محمد مسکان زئی صاحب اور میر مسکان مسکان زئی صاحب کے قریبی رشتہ دار اور حاجی عبدالستار ڈیگار زئی صاحب، حاجی ممتاز احمد ابجباڑی صاحب کے سسر اور مولوی عبیداللہ قمبر زئی صاحب اور محمد جان صاحب کے نانا تھے۔

ڈاکٹر عینی صاحب کی دو سال قبل اوپن ہارٹ سرجری ہوئی تھی۔ گذشتہ روز طبیعت کی ناسازی پر انہیں اسلام آباد میں پولی کلینک ہسپتال میں داخل کرایا گیا تھا جہاں وہ وفات پا گئے۔

مرحوم کی تدفین بلوچستان کے علاقے ضلع خاران میں ان کے آبائی گاؤں مسکان قلات میں ہوگی۔

(غلام رسول)

ڈپٹی رجسٹرار (انتظامیہ)